سوال

(243) مسجد اور مدرسہ کی آمدنی ایک دوسرے پر خرچ ہوسکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسجد کے ساتھ مدرسہ دینی بھی ہے جو آمدنی مسجد کے لیے حاصل ہو وہ مدرسہ پر اور مدرسہ کی آمدنی مسجد پر صرف ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جائز ہے۔ ابوداؤد میں حدیث ہے کہ ایک شخص نے اپنا اونٹ فی سبیل اللہ کردیا جس سے اس کا مقصود جہاد تھا۔ اس کو حج کی ضرورت ہوئی تو آپ نے اس کو اجازت دے دی اس نے کہا یارسول اللہ ﷺ میں نے اس کو فی سبیل اللہ کردیا۔ آپ نے فرمایا حج بھی فی سبیل اللہ ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ متولی ایک مدخیر کی آمد دوسری مدخیر میں صرف کرسکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

مساجد کا بیان، ج1ص328

محدث فتویٰ